© rasailojaraid.com

ملنے کا پتہ :۔ میسرز گلوب ٹریڈنگ کمپنی ۱۳۸۔ فیروز پور روڈ، لاہور۔ قیمت ۱۲ر

جناب مولف نے گذشتہ سال حج کی سعادت حاصل کی اور وہاں حاجیوں کے لئے جن مشکلات کو محسوس کیا اور سعودی حکومت کے کارکنوں اور معلّموں کی بد انتظامی اور بدسلوکی کے جو نمونے دیکھے ان کو من و عن قلمبند کر کے اصلاحِ حال کی تجاویز پیش کی ہیں ۔

**اذکارِ آزاد** مرتبہ : سعید عباس حامی مدراسی ۔ شائع کردہ : شیخ محمد قمر الدین تاجر کتب، گوجر گلی، موچی دروازہ، لاہور۔ قیمت مجلد مع گرد پوش ۸ر

یہ مجموعہ مولینا ابو الکلام آزاد کے چند چوٹی کے مضامین پر مشتمل ہے۔ مصنف کی موجودہ زندگی سے صرفِ نظر کر کے اس کے مضامین سے اب بھی فائدہ اٹھایا جا سکتا ہے ۔

**الحسنات کا سیرت نمبر** مرتبہ : جناب ابو سلیم محمد عبدالحی صاحب

مقام اشاعت : دفتر رسالہ الحسنات، رام پور، یوپی۔ قیمت سیرت نمبر ۱۲ر

یہ نمبر نہایت ہی آسان زبان میں سیرتِ نبوی پر اچھے اچھے مقالات اور نظمیں اپنے دامن میں سمیٹے ہوئے ہے۔ بچوں، عورتوں اور بالغوں کے لیے خاص طور پر قابلِ مطالعہ ہے ۔

**تجلیاتِ رمضان** از جناب حکیم محمد صادق صاحب سیالکوٹی۔ شائع کردہ دائرۃ التبلیغ۔ پورہیراں سیالکوٹ شہر۔ قیمت نامعلوم ۔

یہ کتاب روزہ کے احکام و مسائل پر مشتمل ہے اور اہل حدیث کے نقطۂ نظر سے لکھی گئی ہے ۔

**مرآۃ القرآن** از : الحاج شیخ چاند محمد۔ بی اے، پروفیسر تعلیمات، قرآنی اکیڈیمی، آرام باغ، کراچی۔

شائع کردہ : قرآنی اکیڈیمی، قیمت ۸ آنے

قرآن ناظرہ پڑھنے کے لیے یہ قاعدہ سائنٹفک طرز پر مرتب کیا گیا ہے اور بہترین طباعتی معیار رکھتا ہے ۔

**فردوس (اشاعتِ خاص)** بہ ادارت : محمد جلیل خاں صاحب ۔ مقام اشاعت : دفتر ماہنامہ فردوس، کانپور۔ قیمت اشاعتِ خاص ۱۰ر چندہ سالانہ ۴ روپے


© rasailojaraid.com